# وفاقی و صوبائی عہدوں کے نام

# Federal & Provincial Designations

حصہ دوم

مقتدرہ قومی زبان ◎ اسلام آباد

# پیش لفظ

وفاقی و صوبائی حکومتوں کے عہدوں کے اردو ناموں کی فہرست پیشِ خدمت
ہے۔ ان ناموں کے تراجم کی معیار بندی کا کام اسی مجلس استناد نے کیا ہے،
جس نے اس سے پہلے سرکاری محکموں اور دفاتر کے سلسلے میں یہی کام انجام دیا تھا۔
مجلس مندرجہ ذیل اراکین پر مشتمل ہے۔

(۱) جناب مختار مسعود — صدر
سیکرٹری وزارتِ تجارت

(۲) جناب امین الحسن سینہ — رکن
حسابدار اعلیٰ قومی حسابات

(۳) جناب ممتاز مفتی — رکن
(نامور ادیب)

(۴) جناب مختار علی خان (پرتو روہیلہ) — رکن
کمشنر محکمہ محصولات آمدنی

(۵) جناب پروفیسر نیاز عرفان
سیکرٹری، وفاقی ثانوی تعلیمی بورڈ — رکن

(۲) ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی                معتمد
رجسٹرار علامہ اقبال فاصلاتی یونیورسٹی
اسلام آباد

معیار بندی کے لیے مجلس کے اجلاس نومبر ۸۵ء سے مئی ۸۶ء تک جاری رہے۔
ان تراجم سے متعلق مندرجہ ذیل امور قابلِ توجہ ہیں۔

(۱) General کا ترجمہ "اعلیٰ" تسلیم کیا گیا ہے لیکن کہیں کہیں Chief کا ترجمہ بھی اعلیٰ ہی کیا گیا ہے جیسے

Secretary General معتمدِ اعلیٰ

Chief Engineer اعلیٰ انجینئر

(۲) بعض عہدوں میں Chief اور General دونوں موجود ہیں یہاں Chief کا ترجمہ کبیر کیا گیا ہے مثلاً

Accountant General حسابدار اعلیٰ

Chief Accountant حسابدار کبیر

(۳) منصوبہ بندی کمیشن اور اس طرح کے دوسرے اداروں میں Chief کا ترجمہ سربراہ کیا گیا ہے جیسے نائب سربراہ Deputy Chief

(۴) عہدوں میں آنے والے سابقوں کا ترجمہ عموماً مندرجہ ذیل انداز میں کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| Assistant | معاون |
| Associate | شریک |
| Deputy | نائب |
| Head | صدر |
| Joint | شریک |

صغیر Junior

کبیر Senior

۵ معروف انگریزی اصطلاحات کو بالکل ترک نہیں کیا گیا بلکہ انہیں دوسری ترجیح کے طور پر اختیار کیا گیا ہے مثلاً

مامور / کمشنر Commissioner

معتمد / سیکریٹری Secretary

بہرحال ان اصطلاحات کے رد و قبول کا اصل امتحان دفتروں میں استعمال کے بعد ہی ہوگا۔

( محمد صدیق شبلی )
معتمد مجلس استناد